علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ قرآن و تفسیر)

وارننگ

عزیز طلبہ!

آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: تاریخ تفسیر (1956) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر:1تا 5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ صحابہ کرامؓ کے دور میں لکھی گئی تفاسیر،ان کا اسلوب تفسیر اور خصوصیات تفصیلاً بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ عراق کے تفسیری مدارس پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ تبع تابعین کے دور کے اسلوبِ تفسیر بیان کرتے ہوئے سفیان ثوریؒ کی تفسیر کا تفصیلی تعارف پیش کیجیے۔(20)

سوال نمبر4۔ مندرجہ ذیل تفاسیر کے مؤلفین کا تعارف، تفسیر میں ان کے منہج اور اسلوبِ تفسیر کا تجزیاتی جائزہ تحریر کیجیے: 1۔تفسیر بحر العلوم از سمرقندی 2۔ تاویل القرآن(تفسیر ماتریدی) (20)

سوال نمبر5۔ امام رازیؒ اور ان کی تفسیر ''مفاتیح الغیب'' کا تعارف کرائیے اور ان کا منہج، اسلوبِ تفسیر اور خصوصیات بھی بیان کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر:6 تا 9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ امام ابن عربی کے نظریۂ وحدت الوجود کا مفہوم بیان کرتے ہوئے ان کی تفسیر کی خصوصیات تحریر کیجیے۔(20)

سوال نمبر2۔ ''تفسیر القرآن العظیم'' میں مفسر کا اسلوب اور خصوصیاتِ تفسیر تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ خطیب شربینیؒ کے احوال وآثار اور ان کا تفسیری اسلوب تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ سید عبداللہ علوی کے حالات وعقائد بیان کرتے ہوئے تفسیر القرآن میں ان کا منہج واسلوب بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ سید محمد قطب شہیدؒ کے حالات زندگی اور ان کی تفسیر فی ظلال القرآن کی خصوصیات بیان کیجیے۔ (20)